Press Release
پریس ریلیز
मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی' حیدرآباد 032 500۔تلنگانہ
فون:۔040-23006609' 15-23006612 (1370)' فیکس:23006609' ای میل:۔proffice@manuu.edu.in' ویب سائٹ:manuu.edu.in

24/نومبر 2020

مانو میں چوتھی قومی اردو سماجی علوم کانگریس کا 22 اور 23 دسمبر کو آن لائن اہتمام

مقالہ نگاروں کو ضروری اطلاع۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج و کنوینر کا بیان

حیدرآباد، 24/نومبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے اسکول برائے فنون و سماجی علوم کے زیرِ اہتمام چوتھی قومی اردو سماجی علوم کانگریس 2020 کا 22 اور 23/دسمبر کو آن لائن اہتمام کیا جارہا ہے۔ کانگریس کا موضوع ''سوشیل سائنس: انحطاط اور احیاء'' ہے۔

پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج، ڈین سماجی علوم و کنوینر کانگریس نے بتایا کہ ذیلی عنوانات میں 'مطالعاتِ نسواں کا استحکام: اعلیٰ تعلیمی نظام کا کردار'، 'نظم و نسق عامہ: معنویت و احیاء'، 'ہندوستان میں سوشیل ورک کا پیشہ: مسائل اور چیلنجس'، 'عصرِ حاضر میں اسلامک اسٹڈیز: مسائل اور امکانات'، 'تاریخ کے مسائل: چیلنجس اور امکانات'، 'جنوبی ایشیاء میں سماجیات کا عروج اور نمو: درپیش چیلنجس'، 'معاشیات: معاصر مسائل'، 'سیاست اور اخراجیت: مسائل اور چیلنجس'، 'مطالعاتِ دکن: وسعت اور اہمیت' شامل ہیں۔

پروفیسر شاہدہ، صدر شعبۂ تعلیماتِ نسواں و شریک کنوینر کے بموجب مقالے صرف اردو (ان پیج یا یونیکوڈ) میں ہونے چاہئیں۔ مقالہ کی تلخیص داخل کرنے کی آخری تاریخ 10/دسمبر ہے۔ مکمل مقالہ داخل کرنے کی آخری تاریخ 15/دسمبر ہے۔ مقالے کے ساتھ مقالہ نگار رابطہ کی تفصیلات فراہم کریں۔ تلخیص اور مقالے ای میل nusscmanuu@gmail.com پر بھیجے جاسکتے ہیں۔ آن لائن رجسٹریشن فارم یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر دستیاب رہے گا۔ کانگریس کا لنک رجسٹریشن کے بعد فراہم کیا جائے گا۔ مزید تفصیلات فون نمبرات 9885493886, 9490377817 یا ای میل nusscmanuu@gmail.com سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر